جلد ۶۲ — نمبر (۲)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR, STATE, GAZETTE.

بحکم بندگانِ اعلیٰ حضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ شعبان سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری ٹھیکہ مسالہ و میوہ وغیرہ	۱و۲
۲	[illegible]	۲
۳	[illegible]	۳
۴	[illegible]	۳
۵	[illegible]	۳
۶	[illegible]	۳
۷	[illegible]	۳
۸	[illegible]	
۹	[illegible]	
۱۰	نقشہ ... اجلاس	سیر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ٹھیکہ میوہ جات وغیرہ

۱۰ دسمبر ۱۹۲۹ء

مسدودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر درباره منظوری ٹھیکہ مسالہ جات گرم و سرخ و میوہ جات و اوراق طلائی و نقرہ مفصلہ تحت ـ بنام حافظ شوکت علی و موتی رام من ابتدا ستمبر ۱۹۲۹ء لغایت اگست ۱۹۳۰ء بشرائط سابقہ بابت مصارف باورچیخانہ جات مہمانان ـ

گرم مسالہ اصلی کشمیری ہیچ (؟) — دھنیا خشک — الائچی سبز کلان — پستہ مغز بادام گشتی — کھوپرا عمدہ

فی روپیہ ۳ ۱ ـ ـ ـ سیر ـ ـ سیر ـ ـ سیر

کشمش صاف — کمہانا مغز بادام گشتی — چھوارا صاف — مرچ سرخ پہاڑی سالم — کھسائی عمدہ

۱۰ سیر ـ ـ سیر فی روپیہ ۱ ـ ـ سیر ۵ سیر

سونٹھ — ورق نقرہ کلان — ورق طلائی کلان — ہلدی پہاڑی — ادرک — لہسن

ـ سیر فی گڈی ۱۵ ورق فی ورق فی روپیہ ۹ سیر ـ سیر

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ مسالہ گرم و دھنیا و الائچی سبز بنام شوکت علی و ٹھیکہ مسالہ سرخ و میوہ جات وغیرہ بنام موتی رام متعلقہ باورچیخانہ جات مہمانداری بریٹ یکسالہ من ابتدا ستمبر ۱۹۲۹ء لغایت اگست ۱۹۳۰ء منظور ہے ـ کاغذات بغرض کارروائی اجراء احکام واپس ہوں ـ

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۱۲ر دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۳۰ر دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ سید غلام نقی نائب تحصیلدار تحصیل حضور -

حکم

منشی غلام نقی نائب تحصیلدار کی تنخواہ میں بموجب تحریر صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا - کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں - ۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر معروضہ ۲۸ر دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء دربارہ منظوری رخصت مزید ۱۵ر یوم اصغر علیخان عرف چیلا خان منصرم مہمان خانہ بوجہ علالت -

حکم

بموجب رپورٹ رخصت مزید پندرہ ۱۵ یوم اصغر علیخان عرف چیلا خان منصرم مہمان خانہ کی منظور ہو - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۳ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

تحصیل اور پولیس بیگار پکڑنے کے واسطے کسی آدمی کو فراہم کرکے نہ دیں جب تک اجلاس ہمایون سے حکم نہ ہو - اور جب ایسا حکم ہو تو ان آدمیوں کو جو بیگار پکڑنے کے لئے دیئے گئے ہیں مزدوری فوراً دیدیجائے -

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر، صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر، صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہو - اور درج گزٹ ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۸ر دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ سررشتہ دار صاحب حاکم صاحب صدر دربارہ اضافہ یکروپیہ تنخواہ مرزا منظور حسین معاون اہلمد شاہ آباد متعینہ صدر بوجہ محنت و ہوشیاری کار متعلقہ -

حکم

مرزا منظور حسین معاون کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ اضافہ یکم جنوری سنہ ۱۹۳۰ء سے دیا جانا منظور ہو - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

مثل عرضی محمود علیخان اہلمد اجلاس بدرخواست رخصت مزید یکماہ بوجہ بقائے علالت -

حکم

رخصت مطلوبہ بانتظام سابقہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۴ر دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

بعد پیشی درخواست مرزا رشید احسن وکیل درجہ سوم

حکم

مرزا رشید احسن وکیل کی درخواست ملاحظہ ہوئی - اس درخواست میں دو امر کی استدعا ہے ہر ایک کی نسبت حسب ذیل حکم نافذ کیا جاتا ہے -

(۱) جو وکلا مشروط بامتحان وکالت کر رہے ہیں اُنکے لئے لازم نہیں ہے کہ مثل دیگر اُمیدواران کے درخواست شرکت امتحان کے ساتھ مجسٹریٹ کا سرٹیفکیٹ نسبت چال چلن پیش کریں -

(۲) جن وکلا نے کسی سابقہ امتحان میں کامیاب ہوکر ادنے درجہ کی سند حاصل کرلی ہو اور اسی درجہ میں وکالت کر رہے ہیں اگر اعلے سند حاصل کرنے کے خیال سے امتحان میں شریک ہوکر فیل ہوجاوینگے تو انکی سابقہ کامیابی پر اس فیل ہونیکا اثر نہ ہوگا - وہ بدستور اسی درجہ کے وکیل رہینگے جس درجہ کے امتحان سے قبل تھے -

کاغذات اطلاعاً صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج کے پاس مرسل ہوں اور ایک نقل اس حکم کی گزٹ میں شائع کیجائے -

دستخط جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۹ر دسمبر ۱۹۲۹ء

مقدمہ محمد حسین خان کاشتکار اپیلانٹ بنام سعادت یار خان مستاجر گرد تحصیل حضور ریسپانڈنٹ بابت لگنکوت پیداوار نمبر اپیل ۳۱ کے پیش پر ظاہر ہوا تھا کہ تحصیلدار صاحب نے ۸ر نومبر ۱۹۲۸ء کو ۱۸ روپیہ ۵ قیمت [illegible] تجویز کی اُسکے بعد منجانب مستاجران درخواست تجویز ثانی کا داخل ہونا بعض احکام درمیانی صادر ہو کر پیش ہوئی [illegible] سے ظاہر ہوتا تھا جس بنا پر مثل منفصلہ کا دوران شروع کر دیا گیا یہاں تک کہ تحقیقاتی گواہان تجویز ثانی کے بیانات اور فیصلہ تجویز ثانی بھی مثل [illegible] منفصلہ مورخہ [illegible] نومبر ۱۹۲۹ء میں شامل ہوئی۔ اور درخواست تجویز ثانی شامل نہ تھی نہ اُسکے کوئی مثل ہمراہ مثل ابتدائی بھیجی گئی تھی۔ اس تجویز [illegible] کارروائی کی تحقیقات کے لئے ۵ر نومبر ۱۹۲۹ء کو روبکار قایم کیا گیا طلبی مسل اور دریافت از تحصیل کے بعد یہ واقعات معلوم ہوئے کہ [illegible] سابق نے اپنی غلط فہمی سے صرف درخواست تجویز ثانی کو [illegible] پر جداگانہ درج کیا اور عذرات بابت نامنظوری تجویز ثانی فریق ثانی کے پیش کردہ بھی اسی درخواست کے ساتھ رکھے لیکن تحقیقات ثانی اُسمیں شامل نہیں کی نہ وجوہات تجویز ثانی کے کافی ہونیکا ثبوت اس مثل میں شامل کیا۔ صرف ۱۰ر جنوری ۱۹۲۹ء کو پیش مثل ہذا میں خلاصہ خارج ہوئی ہے۔ کہ عدالت کے نزدیک عذرات پر کچھ غور ہونیکی ضرورت ہے۔ لہذا تجویز ثانی منظور کی جاتی ہے۔ اصل مقدمہ لگنکوت میں کارروائی ضابطہ عمل میں لائی جاوے اور یہ مثل نمبر سے خارج ہو کر داخل دفتر ہو۔

اس حکم کے ذیل میں مثل منفصلہ میں وہ کاغذات شامل ہونا شروع ہو گئے جنکو درخواست تجویز ثانی کے ساتھ رہنا چاہئے تھا اس غلطی کے تدارک پر توجہ کرنا اس وجہ غیر ضروری ہے کہ محرر سابق اس عہدہ پر موجود نہیں ہے بلکہ [illegible] سپرد ہو چکا ہے اور [illegible] بھی اشتعال کی نامناسب ہے کیونکہ اپیل قدیم سے ہی فیصلہ دیا جا چکا ہے البتہ آگاہی مجوزان و اہلکاران کیلئے ہدایات ذیل کی ضرورت ہے۔

۱ے درخواست تجویز ثانی پیش ہونے پر اول خود مجوز صاحبان کو مواد مسائل غور کامل کرنا چاہئے کہ فی الحقیقت عذرات تجویز ثانی کے کافی ہیں آیا فی الواقع کوئی غلطی واقع ہو گئی ہے یا حقیقتاً کوئی جدید ثبوت حاصل ہوا ہے جو باوجود قرار واقعی کوشش کے فریق متعلق دوران مقدمہ میں پیش نہ کر سکا تھا یا وہ لاعلم رہا تھا یا اور کوئی کافی وجوہ ہوں۔ ایسی غور کے بعد مجوز صاحبان کو منکشف ہو جائیگا کہ یہ پیرایہ تجویز ثانی محض سے صرف دوسری تجویز صادر کرانا ہے۔ یا واقعی نقصان عدالتی فروگذاشت سے یا کسی فریق کی لاعلمی وغیرہ سے پہنچ گیا ہے۔ جسکی تلافی چاہی جاتی ہے۔ اسی قسم کا روبکار ہم پہلے بھی جاری کر چکے ہیں اس تمام [illegible] پر بھی اگر مجوز صاحب کو سبب تجویز پر نظر ثانی کرنا قرین قیاس معلوم ہو۔ تو اجرا۔ اطلاعنامہ وحصول عذرات بابت اصل مقدمہ کے بعد سابقہ فیصلہ کی تجویز ثانی کرنا چاہئے اور اصل مقدمہ کے واقعات پر رجوع ہونا چاہئے [illegible] تمام تر کارروائیات کا شمول درخواست تجویز ثانی کے مثل میں رکھا [illegible] سابقہ منفصلہ میں کوئی کاغذ شامل نہوگا۔ البتہ فیصلہ آخرین فیصلہ سابقہ کے منسوخی یا ترمیم کا حوالہ دیا جاویگا۔

حکم ہوا کہ

اصل کاغذات ہذا داخل دفتر ہوں۔ اور اسمیں واپس ہوں ایک نقل درج گزٹ اعلان عام کیلئے کر دیجائے۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۴ر دسمبر ۱۹۲۹ء

ہنگام انتظام برخاستگی گشن کنوار رجسٹرار قانون گوئے تحصیل ماندہ کوئی جدید تقرر تجویز نہیں ہوا ہے اور ملازمان موجودہ سے کام لیا گیا ہے اسلئے تئیس روپیہ کی مستقل بچت پٹواری فنڈ کے بجٹ میں ہوئی ہے۔

منجملہ ملازمان پٹواری فنڈ کے شرافت اللہ خان اہلمد صدر قانونگو صرف بارہ روپیہ تنخواہ پاتا ہے جو بلحاظ کام جیسی صدر قانونگو ہے نسبتاً بہت کم ہے صدر قانونگو نے رپورٹ مستقلی میں کمی تنخواہ کی بابت بھی بعد تعریف کام توجہ دلائی ہے ایسی ہی شوکت اللہ خان اہلمد پٹواری فنڈ کی تنخواہ بائیس روپیہ بلحاظ اُسکے کام کے کم ہے کیونکہ کل احکامات پٹواریان کا اجراء اور اسناد کے ترتیب اسی اہلمد کے متعلق ہے۔ اور کام بھی اس کا باوجود کثرت کے معائنہ میں صاف پایا گیا۔

لہذا حکم ہوا کہ

یکم جنوری ۱۹۳۰ء سے آٹھ روپیہ اضافہ شرافت اللہ خان اہلمد صدر قانونگو کے کی تنخواہ میں اور دو روپیہ اضافہ شوکت اللہ خان اہلمد پٹواری فنڈ کی تنخواہ میں بلحاظ تعریف اسلوبی کام کیا جاوے۔ اب بھی تیرہ روپیہ کی مستقل بچت رہے گی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور [illegible]

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ دویم ماہ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

نام جنس	خصوص تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۷ ار ۱۰۷ ار ۱۰۷ ار ۱۰۷ ار				۱۰۷ ار	۱۰۷ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰۵ ار ۱۰۵ ار				۵ ار	۵ ار	
نخود کستہ آمیز	۱۰۶ ار ۱۰۶ ار				۔	۱۰۵ ار	
کستہ	۱۰۶ ار ۷ ار				۔	۶ ار	
ماش	۵ ار ۵ ار				۵ ار	۵ ار	
مونگ	۱۰۴ ار ۵ ار				۔	۱۰۴ ار	
مکا	۹ ار ۱۰۹ ار				۱۰۱۰ ار	۱۰ ار	
جئی	۱۰۱۰ ار ۱۱ ار				۸ ار	۱۱ ار	
گوجئی	۸ ار ۸ ار				۱۰۸ ار	۹ ار	
مسور	۶ ار				۔	۶ ار	
ارہر	۱۰۵ ار ۶ ار				۔	۷ ار	
برنج	۱۰۵ ار ۵ ار				۱۰۵ ار	۱۰۵ ار	
روغن زرد	۰ ار				۰ ار	۰ ار	
روغن سیاہ	۱۰ ار				۱۰ ار	۱۰۱ ار	
روغن کنجد	۱ ار				۱ ار	۱۰۱ ار	
نمک سامبھر	۲ ار				۱۱ ار	۱۱ ار	
نمک لاہوری	۶ ار				۔	۸ ار	
قند سیاہ	۷ ار ۷ ار ۷ ار				۷ ار	۸ ار	
باجرہ	۱۰۸ ار ۸ ار				۱۰۸ ار	۸ ار	